سوال

(546)بچوں کی پیدائش میں وقفہ کےلیے جو غبارہ استعمال کیا جاتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچوں کی پیدائش میں وقفہ کےلیے جو غبارہ استعمال کیا جاتا ہے ۔ اس کے ناجائز ہونے کی کیا وجہ ہے ؟ حالانکہ وہ دوائی نہیں ہے اور عزل سے ملتی جلتی چیز ہے ۔ جدید دور کے مطابق ۔ نیز بعض عورتیں بہت کمزور ہوتی ہیں ۔ اگر بچہ کی پیدائش میں وقفہ نہ ڈالا جائے تو نقصان کا خطرہ ہے ۔ اس مذکورہ صورت اور بچوں کی پیدائش میں وقفہ کا کوئی معقول طریقہ بتا دیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غبارے والی صورت اور عزل دونوں میں فرق ہے ، لہٰذا غبارے والی صورت کو عزل پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق کے زمرے میں شامل ہے ۔ اور قیاس مع الفارق حجت ودلیل نہیں ہوتا ۔ باقی رہی بعض عورتوں کی کمزوری تو اس کو رفع کرنے کےلیے مقوی ادویہ واغذیہ استعمال کی جا سکتی ہیں ۔ وقفہ کی کیا ضرورت ہے ؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ((تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَإِنِّي مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْأُمَمَ))[''محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی عورت سے نکاح کرو ۔ کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا ۔''][1] واللہ اعلم ۔

[جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : ''ہم عزل کرتے تھے اور قرآن اترتا تھا ۔ (اگر عزل ناجائز ہوتا تو اس سے منع کر دیا جاتا ۔)''][2]

(وضاحت : ... بیوی سے صحبت کرتے ہوئے اِنزال سے پہلے الگ ہوجانا عزل کہلاتا ہے ۔)

۹ ۵ ۱۴۲۳ھ

1 صحیح ابوداؤد للألبانی ، الجزء الثانی ، ح : ۱۸۰۵

2 بخاری کتاب النکاح باب العزل

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

محدث فتویٰ